## نمبر : 2483

کتاب کا نام... :۔ **گوجری نصیحت**

مصنف ........ :۔ مجہول الاسم

مہر ومالک.. :۔ -

سائز.............. :۔ 18x12 cm سطور ... :۔ ١٦

اوراق ............ :۔ ٢ (دو) کاتب .... :۔ -

تاریخ کتابت.. :۔ - خط ....... :۔ نستعلیق

زبان ............ :۔ گوجری اردو موضوع :۔ پندونصیحت

آغاز.............. :۔ ای مسلمان تم سن لیو یک پند مت دیکھ بھولو دنیا کی.....
انی کھین کیی را پر کھابند ای مسلمانان تم دیکھ چلو

اختتام ......... :۔ یِ یقین سون سیوا کیجین
نا کرب برائی آپس دتجین
ھَی ھَی دنیا دیی چھیہ
آخر سب یہ ھو سی کھیہ

ترقیمہ .......... :- سبحان جل جلالہ جل اللہ

تمت تمام شد

بعون اللہ الملک۔ الوھاب

والیہ المرجع والمآب۔ صلی علی محمد خیر البشر۔



حالت .......... :- کناروں سے پھٹے ہوئے دوورق ہیں اول اور آخر۔ جبکہ درمیانی اوراق غائب ہیں۔

نوٹ .......... :- ورق-۱ (الف اورب) پرمسلمانوں کو مخاطب کر کے موت، قبر کے سوالات اور قیامت کے ذکر کے ساتھ نصیحت آموز اشعار لکھے ہیں۔ کل اٹھارہ ابیات ہیں لیکن ناقص الآخر ہیں۔ ورق ۲ (الف اور ب) پر حروف تہجی کے ساتھ ہر بیت کا آغاز کیا ہے اور دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کی محبت کی ترغیب دی ہے۔ اس منظومے میں ق (قاف) سے لے کری (یا) تک کے حروف تہجی سے شروع ہونے والے ابیات نقل شدہ ملتے ہیں لیکن حرف الف سے لے کرف (فا) تک کے حروف والے آغاز کے ابیات کے اوراق مفقود ہیں۔

اس قلمی نسخے میں ورق ۱-الف کے بالائی حصے میں ''گوجری نصیحت'' کا عنوان لکھا ہوا ہے جس میں گجرات میں رائج اردو زبان کے لئے استعمال ہونے والے لفظ ''گوجری'' کے صحیح اِملا کا بھی پتہ چلتا ہے۔